© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مولانا مہتمم صاحب مدظلہ کی مصروفیات

☆ ۱۴ر دسمبر کو دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام اسلام آباد میں بیت المقدس کے بارہ میں آل پارٹیز کانفرنس منعقد ہوئی ☆ ۳ر۔جنوری حضرت مہتمم صاحب نے جامعہ تحفیظ القرآن پار ہوتی مردان میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی مجلس شوریٰ کی صدارت فرمائی ☆ ۷۔جنوری کو دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام ''تحفظ ختم نبوت، تحفظ بیت المقدس اور تحفظ قبائل کانفرنس'' پشاور میں حضرت مہتمم صاحب کی قیادت میں ہوئی ☆ ۱۰ر جنوری کو حضرت مولانا سلیمان ندوی صاحب مقیم ڈربن ساوتھ افریقہ کی دارالعلوم آمد اور ایوان شریعت ہال میں طلبا سے مفصل خطاب بھی فرمایا۔اس سے قبل بھی آپ جامعہ تشریف لا چکے ہیں ☆ ۱۱ر جنوری کو لاہور میں دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام کانفرنس منعقد ہوئی۔☆ ۱۲ر جنوری کو فیصل آباد میں ایک جلسہ کی صدارت اور آخر میں خطاب فرمایا۔

☆ ۱۶ر جنوری کو نامور عالم و دانشور مولانا عدنان کاکاخیل، بے نظیر بھٹو یونیورسٹی دیر کے وائس چانسلر ڈاکٹر خان بہادر صاحب کے ہمراہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے، اسکے علاوہ مالاکنڈ یونیورسٹی کے ڈین جناب ڈاکٹر رحمت علی صاحب، مردان یونیورسٹی کے پروفیسر مولانا نعیم حقانی کے ہمراہ بھی تشریف لائے۔

**خیبر نیوز چینل کی ٹیم کی دارالعلوم آمد:** ۱۷ جنوری کو خیبر نیوز چینل کی ٹیم نے دارالعلوم کا دورہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب سے ملکی اور بین الاقوامی حالات پر ان سے انٹرویو کیا، یہ انٹرویو ''ویو پوائنٹ'' کے نام سے خیبر نیوز چینل نے ۱۸ جنوری کو رات دس بجے ٹیلی کاسٹ کیا

**دارالعلوم کے ششماہی امتحانات اور تعطیلات:** دارالعلوم کے ششماہی امتحانات ۱۳ر جنوری سے شروع ہو کر ۱۷ر جنوری تک رہے، نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ کے زیر نگرانی تمام امتحانات باحسن طریقے سے اختتام پذیر ہوئے، امتحانات کے بعد دارالعلوم میں دس روز کی تعطیلات ہوئیں اور ۱۸ر جنوری سے دوبارہ اسباق کا آغاز ہوا۔

© rasailojaraid.com